نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام غازی یونیورسٹی میں جاری 2 روزہ زرعی نمائش اختتام پذیر

کامیاب نمائش کے انعقاد پر منتظمین کو خراج تحسین پیش، سٹالز لگانے اور اعلیٰ کارکردگی پر شیلڈز بھی دی گئیں

خطہ جنوبی پنجاب میں زرعی ترویج وترقی میں اس نمائش کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے، سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل

لاہور08مارچ2022(   )محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام غازی یونیورسٹی ڈیرہ غازی خان میں جاری 2 روزہ زرعی نمائش اختتام پذیر ہوگئی۔کامیاب نمائش کے انعقاد پر منتظمین کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور اعلیٰ کارکردگی پر شیلڈز بھی دی گئیں۔کمشنر ڈی جی خان ڈویژن لیاقت علی چٹھہ، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد طفیل، سپیشل سیکرٹری زراعت مارکیٹنگ پنجاب وقار حسین، چیئر مین پامرا نوید انور بھنڈر، بھی خصوصی طور پر شریک ہوئے۔اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے **سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل** نے کہا کہ جنوبی پنجاب کا خطہ ملکی فوڈ سیکیورٹی میں نہایت اہم کردار کا حامل ہے۔اس علاقے میں زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کے لئے خطیر رقم خرچ کر کے نئے منصوبے متعارف کرائے جا رہے ہیں جن کے فی ایکڑ پیداوار میں مثبت اثرات سمیت خطے کے کاشتکاروں کی معیشت مستحکم ہوگی۔جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کے قیام سے جدید زرعی ٹیکنالوجی متعارف کیلئے بھرپور رہنمائی کا سلسلہ جاری ہے۔ایگریکلچر شو2022 کا ڈیرہ غازی خان میں انعقاد اسی کی کڑی ہے جس سے کاشتکاروں، درآمد و برآمد کنندگان کو ایک موثر پلیٹ فارم ملا ہے۔اس نمائش کو بجا طور پر جنوبی پنجاب کا اپنی نوعیت کا بزنس ٹو بزنس ایونٹ قرار دیا جاسکتا ہے۔اس سے کاشتکاروں، پروسیسرز اور برآمد کنندگان کیلئے قومی سطح پر رابطہ کاری کے وسیع مواقع کی فراہمی کے علاوہ پاکستانی زرعی مصنوعات کی ترقی اور فروغ کے امکانات وسیع طور پر موجود تھے۔اس نمائش میں زرعی شعبہ سے وابستہ افراد کے لئے 100 سٹالز لگائے گئے جن سے اُن کو جدید زرعی ٹیکنالوجی سے متعلق مدد ملی ہے۔سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب نے اس میگا ایونٹ کی بھرپور کوریج پر پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے نمائندگان کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا۔اختتامی تقریب سے خطاب میں **سپیشل سیکرٹری زراعت مارکیٹنگ پنجاب وقار حسین** نے کہا کہ اس نمائش کے انعقاد سے ہمارے مقامی امپورٹرز اور ایکسپورٹرز کو ایک ایسا پلیٹ فارم میسر آیا ہے جس سے وہ بھرپور کاروباری فوائد حاصل کر سکیں گے۔اس نمائش کے انعقاد کے اثرات زرعی ترویج وترقی کیلئے ایک نیا سنہرا باب ثابت ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ میں ڈیرہ غازی خان کی عوام اور یہاں موجود اپنے صنعتکار و کاشتکار بھائیوں کا مشکور ہوں جنہوں نے اس نمائش میں شریک ہوکر اسے کامیاب بنایا۔بلاشبہ آج زرعی شعبے سے وابستہ لوگوں کی یہاں آمد اس نمائش کی کامیابی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔حکومت پنجاب کی طرف سے تمام سبسڈیز کو" کسان کارڈ" کے ذریعے کیش ٹرانسفر کی صورت میں براہ راست کاشتکاروں تک پہنچانے کے لیے انقلابی پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے اور اب تک 8 لاکھ سے زائد کاشتکاروں کو کسان کارڈ تقسیم کئے جا چکے ہیں اور اس کے ذریعے اب تک 1 ارب 50 کروڑ روپے کی سبسڈی کاشتکاروں کو فراہم کی جا چکی ہے۔اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے **لیاقت علی چٹھہ کمشنر ڈی جی خان ڈویژن** نے کہا کہ اس ایگریکلچر شو کے منتظمین لائق تحسین ہیں جنہوں نے اس پسماندہ علاقے میں جدید فارمنگ کے طریقے

متعارف کرانے میں اہم کردار ادا کیا اور نمائش میں رکھی گئی جدید مشینری فصلوں، سبزیوں، باغات کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی بارے کاشتکاروں کی رہنمائی میں کلیدی کردار ادا کیا۔ میں اس کے ساتھ ڈی جی خان ڈویژن کے کاشتکاروں کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے اس نمائش میں بھرپور شرکت کر کے اسے کامیاب بنایا۔ انہوں نے کہا کہ اس ایونٹ کی کامیابی کیلئے انتظامیہ اور سیکورٹی اداروں کا کردار بھی قابل ستائش ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ محکمہ زراعت ڈی جی خان میں ایسے پروگرمز کا انعقاد کرتا رہے گا۔

0-0-0-0-0-0